SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
March 7, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی کا عسکری بینک میں انویسٹر ایجوکیشن سیمینار

اسلام آباد (۷ مارچ) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے انویسٹر ایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کے تحت عسکری بینک راولپنڈی میں سرمایہ کاری کے اصولوں کے بارے میں آگہی دینے کے لئے ایک سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں شرکا کو مالیات اور سرمایہ کاری سے متعلق فیصلہ سازی کے بارے میں سودمند معلومات مہیا کی گئیں۔

سیمینار میں شرکا کو سرمایہ کاری کے لئے موجود مواقع مثلاً میوچل فنڈز، رضاکارانہ پنشن سکیم کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ایس ای سی پی کے افسروں نے شرکا کو سرمایہ کاروں کے حقوق، میوچل فنڈز اور پنشن سکیموں میں سرمایہ کاری کے فوائد، ان سکیموں کے فنڈ مینجرز اور ٹرسٹی کے فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں بتایا۔ اس دوران میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز میں سرمایہ کاری کی مدت کے دوران سرمائے کو نکالنے کی شرائط، سرمائے کو ایک فنڈ سے دوسرے میں منتقل کرنے اور سرمایہ کاری سے جڑے خطرات پر بھی بات کی گئی۔ اس کے علاوہ فنڈز میں سرمایہ کاری کی فیس کے سٹکچر اور فنڈ مینجرز کی جانب سے وقفے وقفے سے جاری ہونے والی اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ کے ذریعے فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلیو کو جانچنے کے طریقہ کار اور فنڈ مینجرز کی جانب سے ایس ایم ایس سروس کے ذریعے فراہم کی جانے والی معلومات کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا گیا۔

ایس ای سی پی کے حکام نے شرکا کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دئے اور انہیں میوچل فنڈ اور پنشن فنڈز کے ریگولیٹری فریم ورک اور قوائد وضوابط پر بھی بریفنگ دی۔ ایس ای سی پی کی جانب سے مالیاتی شعبہ میں سرمایہ کاری کے لئے متعارف کروائی جانے والی پراڈکٹس اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے کئے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

سیمینار کے شرکا کو رضاکارنہ پنشن فنڈز اور حکومت کی جانب سے دئے جانے والے روایتی پنشن فنڈز اور شریعت سے مطابقت رکھنے والے فنڈ اور دیگر روایتی فنڈز کے مابین فرق کے بارے میں بھی بتایا گیا۔ سیمینار میں عسکری بینک کی ٹریننگ اکیڈمی کے پرنسپل، ٹریننگ اور ڈویلپمنٹ کے سربراہ، دیگر اعلیٰ حکام اور ملازمین نے شرکت کی۔ شرکا نے میوچل فنڈز اور رضاکارانہ پنشن فنڈز میں دلچسپی کا اظہار کیا اور اس حوالے سے کئی تجاویز بھی دیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

اپنے اختتامی کلمات میں عسکری بینک کے ٹریننگ اور ڈویلپمنٹ کے سربراہ محمد آصف نے سرمایہ کاروں میں آگہی پیدا کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا اور ایس ای سی پی کے ساتھ مل کر دیگر شہروں میں بھی ایسے سیمینار منعقد کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254